کے معانی، صورت مسئلہ کا آسان بیان، دیگر ائمہ کے مذاہب کا ذکر، احادیث کے رُواۃ پر کہیں کلام کی ضرورت ہے تو اسے بھی بقدر ضرورت دیا گیا ہے۔

ہمارے زمانہ طالب علمی میں اس طرح کی کتابوں سے گریز واحتراز کا مشورہ دیا جاتا تھا، اور کتاب کے حل کے لیے ذاتی محنت وکاوش پر زور دیا جاتا تھا مگر اب ہمتیں کمزور پڑ گئی ہیں اور طبیعتیں آسانیاں ڈھونڈتی ہیں، اس لیے شروحات کا دور ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمارے اساتذہ کے علم وعمل اور عمر میں اضافہ وبرکت عطا فرمائے کہ وہ ہم جیسے کم ہمتوں کے لیے بھی سایہ رحمت ہیں، اور متداول علوم وفنون کو آسان تر بنا کر طلبہ کرام کے لیے پیش کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہی ان کی محنتوں کی جزا عطا فرمائیں، آمین!

☆☆☆

فضائلِ اعمال

تالیف: شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا رحمۃ اللہ علیہ

تخریج جدید: مفتی محمد زکریا اشرف۔ صفحات: 888۔ طباعت: عمدہ، اعلیٰ سفید پیپر، قیمت: 320 روپے صرف

ملنے کا پتا: قرآن محل، اقبال مارکیٹ، کمیٹی چوک، راولپنڈی، فون: 0321-5123698

کتاب ''فضائلِ اعمال'' تبصرے کے لیے موصول ہوئی تو حیرت کی انتہا نہ رہی۔ عموماً تبصرہ نو وارد کتابوں پر کیا جاتا ہے تاکہ ان کا تعارف واطلاع ہو جائے۔ ''فضائلِ اعمال'' محتاج تبصرہ وتعارف نہیں مگر جب ورق گردانی کی تو معلوم ہوا کہ اس کی موجودہ اشاعت پر خاصی محنت کی گئی ہے۔ فضائلِ اعمال کو علمی نقطۂ نظر سے قابلِ افادہ واستفادہ بنانے کے لیے درج ذیل خطوط پر کام کیا گیا ہے:

۱......حضرت شیخ الحدیث رحمہ اللہ کی ذکر کردہ عربی زبان میں تمام احادیث کی فنی حیثیت کو واضح کیا گیا ہے، یعنی ہر حدیث کی صحت، حسن اور ضعف کے لحاظ سے نشان دہی کی گئی ہے۔

۲......احادیث کی تخریج کے ضمن میں جن کتب کا عربی عبارات میں حوالہ دیا گیا ہے ان کتب کے ابواب، جلد نمبر اور صفحہ نمبر کی تعیین کی گی ہے۔

۳......فوائد وتشریح کے ضمن میں ذکر کردہ احادیث کے مآخذ مراجع حاشیہ میں ذکر کیے گئے ہیں۔

۴......حکایاتِ صحابہ میں ذکر کردہ واقعات جن کتبِ احادیث میں دستیاب ہوئے، ان کی حاشیہ میں تصریح کر دی گئی ہے۔

۵......کتاب کے آخر میں مشکل الفاظ کے حل کیلیے فرہنگ دی گئی ہے تاکہ کسی لفظ کا معنیٰ ومطلب سمجھنا ہو تو اس